السیر والمساعی

اوراد رفاعیه

از

امام طریقت حضرت السید احمد کبیر الرفاعی الحسینی رضی اللہ عنہ

سے ماخوذ

منتخب اذکار و وظائف

بہ اجازت و اشراف

پیر طریقت فضیلۃ الشیخ السید یوسف السید ہاشم الرفاعی الحسینی دامت برکاتہم العالیہ

دیوان الرفاعی
کویت

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الاسمآءُ الحُسنیٰ

هُوَ اللّٰهُ	الَّذِی لَآ اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ	اَلرَّحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّحِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمَلِكُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْقُدُّوْسُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلسَّلَامُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُؤْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُهَیْمِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْعَزِیْزُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْجَبَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْمُتَكَبِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْخَالِقُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَارِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُصَوِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْغَفَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْقَهَّارُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْوَهَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّزَّاقُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْفَتَّاحُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْعَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْقَابِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَاسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْخَافِضُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُعِزُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُذِلُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلسَّمِیْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَصِیْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْحَكَمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْعَدْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَللَّطِیْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْخَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْحَلِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْعَظِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْغَفُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلشَّكُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْعَلِیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْكَبِیْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْحَفِیْظُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُقِیْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ

Marfat.com

اَلْحَسِیْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْجَلِیْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْکَرِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّقِیْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُجِیْبُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْحَکِیْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْوَدُوْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمَجِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَاعِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلشَّهِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْحَقُّ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْوَکِیْلُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْقَوِیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمَتِیْنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْوَلِیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْحَمِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُحْصِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْمُبْدِئُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُعِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُحْیِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُمِیْتُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْحَیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْقَیُّوْمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْوَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمَاجِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْوَاحِدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْاَحَدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلصَّمَدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْقَادِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْمُقْتَدِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُقَدِّمُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُؤَخِّرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْاَوَّلُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْاٰخِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلظَّاهِرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْبَاطِنُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْوَالِیُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُتَعَالِیُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلتَّوَّابُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُنْتَقِمُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْعَفُوُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّءُوْفُ جَلَّ جَلَالُهٗ	مَالِكُ الْمُلْكِ جَلَّ جَلَالُهٗ	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُقْسِطُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْجَامِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْغَنِیُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمُغْنِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْمَانِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلضَّآرُّ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلنَّافِعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلنُّوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ
اَلْهَادِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَدِیْعُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْبَاقِیْ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلْوَارِثُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلرَّشِیْدُ جَلَّ جَلَالُهٗ	اَلصَّبُوْرُ جَلَّ جَلَالُهٗ

Marfat.com

السیر والمساعی

اوراد رفاعیہ

از

امام طریقت حضرت السید احمد کبیر الرفاعی الحسینی رضی اللہ عنہ

سے ماخوذ

منتخب اذکار و وظائف

بہ اجازت و اشراف

پیر طریقت فضیلۃ الشیخ السید یوسف السید ہاشم الرفاعی الحسینی دامت برکاتہم العالیہ

دیوان الرفاعی

کویت

Marfat.com

ملنے کا پتہ:

حاجی محمد رفیق رفاعی

33، ماڈل ٹاؤن، سیالکوٹ

0300-8613000

rifaie@metro.com.pk

سراج الدین چودھری رفاعی

484، ایکس بلاک، فیز تھری، ڈی ایچ اے، لاہور

042-5725430

0333-4294868

قاری محمد حسین رفاعی

207، علامہ اقبال ٹاؤن، نشتر بلاک، لاہور

042-5425550

حافظ عزیز الرحمٰن گوندل

249-C، سٹریٹ 23، ایف 11/2، اسلام آباد

0313-9266092

(aziz.gondal@hotmail.com)

ہدیہ: دعا برائے رضائے اللہ سبحانہ تعالیٰ اور شفاعت حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

مندرجات

پیش لفظ 7

مقدمه 10

فضائل دعاء (بحوالہ قرآن مجید واحادیثِ نبویہ) 11

آداب و شرائط برائے قبولیت دعا 14

فضائل ذکر 16

فضائل استغفار 19

فضائل صلوٰۃ و سلام بحضور سیّدنا خیرالانام ﷺ .. 21

آداب ذکر 23

مختصر حالات حضرت سیدنا احمد کبیرالرفاعی الحسینی رضی اللہ عنہ۔ بانی سلسلہ عالیہ رفاعیہ 24

ولادت باسعادت 24

نام ونسب 25

بشارت نبوی ﷺ قبل ازولادت 25

علوم ظاہری 26

تکمیل علوم باطنیہ 27

سیرت واخلاق 27

سعادت دست بوسیءحبیب مکرم ﷺ 28

زہدوقناعت 30

Marfat.com

وصال مبارک 30
تصانیف 31
تعارف پیر طریقت فضیلته الشیخ السید یوسف السید ہاشم الرفاعی الحسینی (دامت برکاتہ العالیہ) **سجادہ نشین سلسلہ عالیہ رفاعیہ** 32
اذکار الٰھی (تسبیحات حمد وثناء، استغفار اور درود شریف) 38
ورد مبارک (21) ذکر شبانہ روز 45
ورد مبارک (13) **حزب البرکات**: اسماء باری تعالیٰ 54
حزب مبارک (15) : دعا بعد از تلاوت سورۃ الواقعہ 58
حزب المستغاث (16)
حصول شفاعت وشفاء کیلئے مجرب درود مستغاث شریف 60
ورد مبارک (17) **درود شریف جوھرۃ الاسرار**
حصول مقاصد واسرار خفیہ کا بہترین وسیلہ 74
ورد مبارک (18) **حزب الحصن** برائے حفاظت از شرور دشمناں 76
ورد مبارک (22) دعا بعد از نماز پنجگانہ 77
ورد مبارک (24) درود شریف: (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَى النُّوْرِ اللَّامِعِ) 79
ورد مبارک (25) ہر نماز کے بعد چار مرتبہ درود شریف (اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الْقُرَشِيِّ) 80
ورد مبارک (26) بروز جمعہ قبل طلوع شمس درود شریف (عَلَى النَّبِيِّ الْمَلِيْحِ) 81
ورد مبارک (27) درود شریف شفاء: (طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا) 81

Marfat.com

وردمبارک (30) درود شریف: (صَلَاةً تُكْتَبُ بِهَا السُّطُوْرُ) 82

وردمبارک (31) برائے حل مشکلات درود شریف: (اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ، الطَّاهِرِ الزَّكِيِّ) 82

وردمبارک (29، 32) استغفار شریف 82

وردمبارک (33) دعا برائے حصول مقاصد 84

وردمبارک (34) دعا بعد از نماز پنجگانہ 84

وردمبارک (35، 45) ذکر شب و روز جمعہ 85

وردمبارک (36) سورۃ الاَعلیٰ اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ 86

وردمبارک (39) نماز تسبیح مع سورۃ اخلاص بہ شب و روز جمعہ 86

وردمبارک (40) تلاوت سورۃ الکھف و الحشر بہ شب و روز جمعہ 87

وردمبارک (41) مختصر ذکر و منتخب تلاوت کلام پاک بعد از نماز پنجگانہ 87

وردمبارک (42) سورۃ الفاتحہ و آیۃ الکرسی قبل طلوع و غروب شمس روزانہ 89

وردمبارک (43) منسوب بہ سیدنا ابراھیم علیہ الصلوٰۃ و السلام .. 89

وردمبارک (44) سورۃ القدر 90

وردمبارک (46) شبینہ سورۃ اَلسَّجْدَة، اَلدُّخَان، اَلْمُلْک 90

وردمبارک (48) دعا برائے حصول برکات قرآن کریم 90

وردمبارک (49) مسبعات عشر 91

وردمبارک (50) سورۃ اَلْفَاتِحَه و سورۃ اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ 92

دعائے رزق 94

Marfat.com

دعائے حراسہ 95
ذکر مبارک لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ 97
دعاء بوسیلہ صلوٰۃ وسلام علیٰ خیر الانام سیدنا محمد ﷺ 98
شجرہ عالیہ سلسلہ الرفاعیہ 100

Marfat.com

پیش لفظ

سلسلہ عالیہ رفاعیہ کے بانی حضرت سیدنا احمد کبیر الرفاعی الحسینی قدس اللہ سرہ (578/512 ھ) کے احزاب واوراد کی اساسی کتاب ''اَلسَّیرُ وَالمَسَاعیِ'' کی تالیف شیخ المشائخ السید ابراهیم الراوی الرفاعی (1860-1948 / 1276-1365 ھ) نے فرمائی۔ اس کے موجودہ نسخے کو دیوان الرفاعی الکویت میں مسند نشین سلسلہ رفاعیہ، پیر طریقت فضیلۃ الشیخ ابو یعقوب السید یوسف السید ہاشم الرفاعی الحسینی المعروف حضرت باباجی دامت برکاتہ العالیہ نے مصدقہ حوالوں اور ضروری اضافوں کے ساتھ دوبارہ شائع کیا ہے۔

زیرِ نظر اوراد مبارکہ کا انتخاب اصل مجموعہ ''اَلسَّیرُ وَالمَسَاعیِ'' سے کیا گیا ہے۔ جنہیں پیش کرنے کی سعادت بھی آں جناب باباجی مدظلہ کی اجازت سے ہی حاصل ہوئی ہے۔

''اَلسَّیرُ وَالمَسَاعیِ'' کے مقدمہ میں شامل اوراد و وظائف سے متعلق احکام، فضائل و آداب کا خلاصہ اردو میں درج کیا گیا ہے تاکہ تزکیہ نفس کے شائقین ان سے بخوبی مستفیض ہوسکیں۔ اس کے ساتھ ہی ہر ورد کی ابتدا میں ''اَلسَّیرُ وَالمَسَاعیِ'' میں مرقوم حزب کا نمبر بھی بطور حوالہ درج کر دیا گیا ہے۔

معزز قارئین کی معلومات کیلئے اس کتابچے کی ابتدا میں حضرت سیدنا احمد کبیر الرفاعی ﷺاور حضرت باباجی السید یوسف الرفاعی دامت برکاتہ العالیہ، کا مختصر تعارف بھی پیش کیا گیا ہے۔

Marfat.com

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ مطالعے کے وقت حضرت باباجی مدظلہ کا یہ ارشاد مبارک بھی ملحوظ خاطر رکھیں کہ میسر اذکار ایک خوبصورت باغ کے مختلف خوشبودار پھولوں کی مانند ہیں۔ جو بھی کسی کے دل کو بھائے وہ اسی کو معمول بنا کر روحانی طور پر اپنے دل و دماغ کو معطر رکھے۔

اس مبارک کتابچے کی تدوین، ترتیب و اشاعت میں جن معزز حضرات نے اعانت فرمائی ان سب کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت انہیں جزائے خیر اور اجر عظیم عطا فرمائے۔ خصوصاً محترم و مکرم حضرت مولانا صاحبزادہ مفتی محمد محب اللہ نوری، بصیر پور شریف اور محترم و مکرم حضرت مولانا حافظ محمد اشرف مجددی، سیالکوٹ نے اپنی عالمانہ و فاضلانہ رہنمائی سے نوازا۔ محترم و مکرم الحاج محمد رفیق رفاعی، سیالکوٹ نے اس کتابچے کی طباعت و اشاعت کے تمام مراحل میں نہ صرف ہمہ وقت ساتھ دیا بلکہ ہر طرح سے معاونت فرمائی۔ محترم قاری محمد حسین رفاعی، لاہور، محترم سراج الدین چودھری رفاعی، لاہور، محترم صاحبزادہ فیض المصطفیٰ نوری بصیر پور شریف اور محترم سید شیر بادشاہ، پشاور کے قیمتی مشوروں کا بھی قابل قدر حصہ ہے۔ جس کے لئے ان سب کا ممنون ہوں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے حالیہ ایڈیشن کو ہر قسم کی اغلاط سے مبرا رکھنے کے لئے حتی الامکان کوشش کی گئی ہے پھر بھی اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو براہ کرم نشاندہی فرمادی جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آئندہ تصحیح کردی جائے گی۔

آخر میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ بے کس پناہ میں عاجزانہ التجا ہے کہ وہ ہمیں ہمیشہ ان خوش قسمت لوگوں میں شامل رکھے جنہیں کسی کامل رہبر کی معیت اور توجہ نصیب ہوتی ہے اور جو ''انعم اللہ علیہم'' کی خلعت فاخرہ سے نوازے جاتے ہیں

Marfat.com

یقیناً یہ سعادت بھی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور حضور نبی اکرم ﷺ کی خصوصی نظر عنایت ہی کے ثمرات میں سے ہے۔

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ پاک میں یہ بھی التجا ہے کہ وہ ہماری اس عاجزانہ کاوش کو قبولیت کا شرف بخشے۔ اپنی رضا و رغبت سے نوازے اور آخرت میں اپنا مبارک دیدار عطا فرمائے۔ حضور سرکار دو عالم نبی مکرم ﷺ کی اطاعت و شفاعت، آپ ﷺ کے دست اقدس سے حوض کوثر کا جام اور آپ ﷺ کے لواء الحمد کا مبارک سایہ نصیب فرمائے۔ آمین یارب العالمین بجاہ سید المرسلین علیہ افضل الصلوٰۃ والتسلیم وعلیٰ آلہ و صحبہ اجمعین.

راجی دعوات
حافظ عزیز الرحمٰن گوندل عفی عنہ ربہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَ الْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ: اَمَّا بَعْد:

اللہ تعالیٰ خالق و مالک کائنات کی حمد و ثنا اور سرکار دو عالم فخرِ موجودات سیدنا محمد رسول اللہ ﷺ پر درود وسلام کے بعد!

یہ حقیقت روز روشن کی طرح واضح ہے کہ بارگاہ باری تعالیٰ میں مقبول ترین عبادت اور مرغوب اطاعت بندے کے اخلاص پر مبنی ہے۔یہ سعادت بلاشبہ عجز وانکسار، خشوع و خضوع اور ذوق و شوق کے ساتھ کثرتِ ذکرو استغفار، دعا و مناجات اور حضور نبی کریم ﷺ پر صلوٰۃ وسلام سے ہی حاصل ہوتی ہے۔

قرآن مجید،فرقان حمید اور سنن واحادیث نبویہ ﷺ ہی تمام اعمال کے لئے مشعل راہ ہیں اور انہی سے وابستگی ذریعہ نجات ہے۔

اللہ تعالیٰ کی محکم کتاب اور منزل خطاب قرآن مجید فرقان حمید اور نبی مکرم ﷺ کی احادیث مبارکہ میں دعا ، ذکر واذکار، مناجات و استغفار اور صلوٰۃ وسلام (درود شریف) کو کثرت کے ساتھ معمولات میں شامل رکھنے سے متعلق واضح ارشادات واحکام موجود ہیں جن کا مختصر تذکرہ پیش خدمت ہے۔

Marfat.com

فضائل دعا

اللہ تعالیٰ کا ارشاد مبارک ہے :

☆ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ط

تم لوگ مجھ سے دعا کیا کرو میں ضرور قبول کروں گا"۔ (المؤمن ۴۰:۶۰)

☆ اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِى الْخَيْرٰتِ وَ يَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّ رَهَبًا ط وَكَانُوْا لَنَا خٰشِعِيْنَ ط

بیشک یہ (سب) نیکی کے کاموں (کی انجام دہی) میں بہت جلدی کرتے تھے اور ہمیں شوق و رغبت اور خوف و خشیت (کی کیفیتوں) کے ساتھ پکارا کرتے تھے اور ہمارے حضور بڑے عجز و انکسار کیساتھ گڑگڑاتے تھے۔ (الانبیاء ۲۱:۹۰)

☆ وَسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ

اور اللہ سے اس کا فضل مانگتے رہو"۔ (النساء ۴:۳۲)

☆ وَ اِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ط اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ

اور (اے حبیب ﷺ!) جب میرے بندے آپ سے میری نسبت سوال کریں تو (انہیں بتا دیا کریں کہ) میں نزدیک ہوں، میں پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب بھی وہ مجھے پکارتا ہے۔ (البقرۃ ۲:۱۸۶)

☆ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ط

تم اپنے رب سے گڑگڑا کر اور آہستہ (دونوں طریقوں سے) دعا کیا کرو۔

(الاعراف ۷:۵۵)

Marfat.com

☆ قُلِ ادۡعُوا اللّٰہَ اَوِ ادۡعُوا الرَّحۡمٰنَ ؕ اَیًّامَّا تَدۡعُوۡا فَلَہُ الۡاَسۡمَآءُ الۡحُسۡنٰی ۚ

"آپ فرما دیجئے کہ اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو جس نام سے بھی پکارتے ہو (سب) اچھے نام اسی کے ہیں"۔ (بنی اسرائیل ۱۷:۱۱۰)

فرمان نبوی ﷺ ہے:

حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا:

لَیۡسَ شَیۡئٌ اَکۡرَمُ عَلَی اللّٰہِ ل مِنَ الدُّعَآءِ

اللہ تعالیٰ کے نزدیک (عبادت میں) کوئی چیز دعا سے بڑھ کر مکرم نہیں"۔

(ترمذی کتاب الدعوات فضیلت دعا: ۳۳۷۰ اور ابن ماجہ کتاب الدعا: ۳۸۲۹)

نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: اِنَّ الۡعَبۡدَ لَا یُخۡطِیۡہِ مِنَ الدُّعَاءِ اِحۡدٰی ثَلَاثٍ: اِمَّا ذَنۡبٌ یُغۡفَرُ لَہٗ وَاِمَّا خَیۡرٌ یُعَجَّلُ لَہٗ وَاِمَّا خَیۡرٌ یُدَّخَرُ لَہٗ.

بندے کی دعا کبھی خالی نہیں جاتی۔ تین میں سے ایک ضرور میسر ہو جاتی ہے: یا تو اس کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں، یا اسے دنیا میں خیر نصیب ہوتی ہے، یا اسے آخرت کیلئے ذخیرہ کر لیا جاتا ہے۔ (مسند امام احمد ابن حنبلؒ ۱۸/۳)

حضرت ابو ہریرہ ؓ سے روایت کردہ ارشاد نبوی ﷺ ہے:

مَنۡ لَّمۡ یَسۡاَلُ اللّٰہُ یَغۡضَبُ عَلَیۡہِ،

جو شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دست سوال دراز نہیں کرتا اللہ ﷻ اس پر غضبناک ہوتا ہے۔

Marfat.com

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:
اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ۔ یعنی دعا عبادت کا مغز ہے۔

مزید ارشاد نبوی ﷺ ہے:

لِيَسْئَلْ اَحَدُكُمْ رَبَّهٗ حَاجَتَهٗ كُلَّهَا حَتّٰى شِسْعَ نَعْلِهٖ اِذَا انْقَطَعَ

تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ اپنی تمام حاجات کے لئے اپنے پروردگار عزوجل سے سوال کرے حتیٰ کہ اگر اس کی جوتی کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ بھی اللہ سے مانگے۔ (جامع ترمذی صفحہ ۴۸۶ مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب، کراچی)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سیدنا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارا رب حیا والا، کریم ہے، جب اس کا کوئی بندہ اس کی طرف اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے تو وہ ان کو خالی لوٹانے سے حیا فرماتا ہے۔ (سنن ابو داؤد ج ۱ صفحہ ۲۰۹ : مطبوعہ مطبع مجتبائی، لاہور، جامع ترمذی صفحہ ۵۱۲ مطبوعہ کراچی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور مصطفی کریم ﷺ نے فرمایا: ہمارا رب تبارک وتعالیٰ ہر رات کے آخری حصہ میں آسمان کی طرف نزول فرما کر ندا فرماتا ہے کہ ہے کوئی جو مجھ سے دعا کرے تو میں اسے قبول کروں، ہے کوئی جو مجھ سے سوال کرے تو میں اسے عطا کروں اور ہے کوئی جو مجھ سے مغفرت طلب کرے تو میں اس کی مغفرت کردوں۔ (صحیح ترمذی صفحہ ۴۸۶، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس شخص کو اس سے خوشی ہو کہ اللہ سختیوں اور مصیبتوں میں اُسکی دعا قبول کرے، وہ عیش و آرام میں اللہ تعالیٰ سے بہ کثرت دعا کرے۔ (صحیح ترمذی صفحہ ۴۸۷، مطبوعہ نور محمد کارخانہ تجارت کتب کراچی)

Marfat.com

آداب و شرائط برائے قبولیت دعا

قرآن پاک و احادیث مبارکہ میں قبولیت دعا کیلئے بکثرت ہدایات میسر ہیں۔ امام غزالیؒ نے انہی حوالہ جات کی بنیاد پر درج ذیل خصوصیات کا تذکرہ کیا ہے:

۱۔ اوقات قبولیت دعا: مثلاً یوم عرفہ، رمضان المبارک، جمعۃ المبارک، رات کا آخری حصہ، وقت سحر، فرض نمازوں کے بعد، اذان اور اقامت کے درمیان، حالت سجدہ میں، بارش کے وقت۔

۲۔ مخصوص حالات: مثلاً مجاہدین فی سبیل اللہ کی پیش قدمی، نزول بارش، اقامت نماز کے دوران و بعد از نماز، اذان و اقامت نماز کے درمیان، بحالت روزہ۔

۳۔ قبلہ رو، ہاتھ اٹھا کر حتیٰ کہ بغلوں کی سفیدی دکھائی دے۔ آخر میں ہاتھوں کا چہرہ پر پھیرنا، آسمان کی جانب نظریں اٹھانے سے اجتناب کرنا۔

۴۔ آواز کو دھیما رکھنا:

۵۔ تصنع اور تکلفانہ انداز سے پرہیز کرنا، ماثورہ و مسنون دعاؤں پر اکتفاء کر کے حدود سے تجاوز نہ کیا جانا۔

۶۔ عاجزی و انکساری، خشوع و خضوع، امید و خوف ملحوظ رکھنا۔

۷۔ صدق دل سے قبولیت کا یقین رکھنا اور پورے عزم سے گڑگڑا کر مانگنا

Marfat.com

۸۔ تین بار تکرار دعا کرتے ہوئے بلاتوقف التجا کرتے رہنا۔

۹۔ اللہ ﷻ کی حمد وثنا اور حضور نبی اکرم ﷺ پر صلاۃ وسلام سے دعا کی ابتداو اختتام کرنا، اپنے گناہوں سے توبہ کرنا اور حقوق العباد کا خیال رکھنا

۱۰۔ حضور قلب، باطنی ادب، شائستگی اور پرہیز گاری کو دامن گیر رکھنا جیسا کہ سرکار دو عالم ﷺ سے مروی ہے: اِنَّ اللّٰہَ تَعَالیٰ لَا یَسْتَجِیْبُ دُعَاءَ عَبْدٍ مِنْ قَلْبٍ لَاہٍ.

یعنی اللہ ﷻ غافل وغیر متوجہ دل والے بندے کی دعا کا جواب نہیں دیتا۔

(احیاء علوم الدین جلد ۲ صفحہ ۴۰۷۔۴۰۳، مطبوعہ دار الخیر، بیروت، ۱۴۳۳ھ)

Marfat.com

فضائل ذکر

(قرآن کریم اور احادیث مبارکہ کی روشنی میں)

ارشادات باری تعالیٰ:

☆ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا

''اے ایمان والو! تم اللہ کا کثرت سے ذکر کیا کرو''۔ (الاحزاب ۳۳:۴۱)

☆ وَالذّٰكِرِیْنَ اللّٰهَ كَثِیْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ

''اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرنے والے مرد اور ذکر کرنے والی عورتیں''۔

(الاحزاب ۳۳:۳۵)

☆ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِیْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ

''اور اللہ کو کثرت سے یاد کیا کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤ''۔ (انفال ۸:۴۵)

☆ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ

''اور واقعی اللہ کا ذکر سب سے بڑا ہے''۔ (العنکبوت ۲۹:۴۵)

☆ فَاذْكُرُوْنِیْۤ اَذْكُرْكُمْ

''سو تم مجھے یاد کیا کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا''۔ (البقرۃ ۲:۱۵۲)

☆ الَّذِیْنَ یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِیٰمًا وَّ قُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ

''یہ وہ لوگ ہیں جو (سراپا نیاز بن کر) کھڑے اور (سراپا ادب بن کر) بیٹھے اور (ہجر میں تڑپتے ہوئے) اپنی کروٹوں پر (بھی) اللہ کو یاد کرتے رہتے ہیں''۔ (آل عمران ۳:۱۹۱)

Marfat.com

☆ اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِکْرِ اللّٰهِ ط اَلَا بِذِکْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ o

''جو لوگ ایمان لائے اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہوتے ہیں، جان لو کہ اللہ ہی کے ذکر سے دلوں کو اطمینان نصیب ہوتا ہے''۔ (الرعد ۱۳:۲۸)

احادیث نبویہ ﷺ:

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا فرمان روایت کرتے ہیں:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ، وَاَنَا مَعَهٗ اِذَا ذَکَرَنِیْ، فَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ نَفْسِهٖ ذَکَرْتُهٗ فِیْ نَفْسِیْ، وَاِنْ ذَکَرَنِیْ فِیْ مَلَاءٍ ذَکَرْتُهٗ فِیْ مَلَاءٍ خَیْرٍ مِّنْهُ.

میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق رویہ رکھتا ہوں۔اور جب وہ مجھے یاد کرے میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں۔اگر مجھے اس نے دل میں یاد کیا تو میں اس کا تنہا ذکر کرتا ہوں اور اگر اس نے مجھے کسی گروہ میں یاد کیا تو میں اسے اس سے بہتر جماعت میں یاد کرتا ہوں۔ (البخاری۔فتح الباری کتاب التوحید ۷۴۰۵۔مسلم کتاب الذکر ۲۶۷۵)

☆ سیدنا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

اَصْبِحْ وَاَمْسِ وَلِسَانِکَ رَطْبٌ بِذِکْرِ اللّٰهِ. تُصْبِحُ وَتُمْسِ وَلَیْسَ عَلَیْکَ خَطِیْئَةٌ.

اپنی زبان کو صبح و شام ذکر اللہ سے تر رکھو، تمہاری صبح و شام خطا سے پاک ہوگی۔

Marfat.com

☆ سیدنا مصطفیٰ کریم ﷺ کا فرمان مبارک ہے:

لَـذِکْرُ اللّٰہِ تَعَالٰی بِالْغَدَاۃِ وَالْعَشِیِّ اَفْضَلُ مِنْ حَطْمِ السُّیُوْفِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَمِنْ اَعْطَاءِ الْمَالِ سَحًّا۔

بیشک دن رات اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول رہنا اللہ کی راہ میں تیغ زنی اور مال کو پانی کی طرح بہانے سے بہتر ہے۔

(مسند امام احمد ۳/۷۵۔ الترمذی کتاب الدعوات ۳۳۷۶)

☆ وَیُرْوٰی اَنَّ فِی الْجَنَّۃِ مَلَآئِکَۃٌ یَغْرُسُوْنَ الْاَشْجَارَ لِلذَّاکِرِیْنَ فَاِذَا فَتَرَ الذَّاکِرُ فَتَرَ الْمَلَکُ وَیَقُوْلُ فَتَرَ صَاحِبِیْ۔

مروی ہے کہ کچھ فرشتے جنت میں ذکر کرنے والوں کے لیے درخت لگانے پر مامور ہیں، جب ذاکر ذکر چھوڑ دیتا ہے تو فرشتے بھی درخت لگانے سے رک جاتے ہیں اور کہتے ہیں ہمارے ساتھی نے ذکر چھوڑ دیا ہے۔

Marfat.com

فضائل استغفار

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

☆ وَالَّذِیْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ص وَمَنْ یَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ.

''اور (یہ) ایسے لوگ ہیں کہ جب کوئی برائی کر بیٹھتے ہیں یا اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو اللہ کا ذکر کرتے ہیں۔ پھر اپنے گناہوں کی معافی مانگتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہوں کی بخشش کون کرتا ہے''۔ (آل عمران ۳:۱۳۵)

☆ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا.

اور (اے حبیب!) اگر وہ لوگ، جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے، آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ سے معافی مانگتے اور رسول اللہ ﷺ بھی ان کے لئے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے۔ (النساء ۴:۶۴)

☆ وَمَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ یَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ یَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ یَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا.

''اور جو کوئی برا کام کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش طلب کرے، وہ اللہ کو بڑا بخشنے والا نہایت مہربان پائے گا''۔ (النساء ۴:۱۱۰)

☆ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ط اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا.

''تو آپ (تشکراً) اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح فرمائیں اور (تواضعاً)

Marfat.com

اس سے استغفار کریں، بیشک وہ بڑا ہی توبہ قبول فرمانے والا (اور مزید رحمت کے ساتھ رجوع فرمانے والا) ہے"۔ (النصر ۳:۱۱۰)

☆ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ.

"اور رات کے پچھلے پہر (اٹھ کر) اللہ سے معافی مانگنے والے ہیں"۔ (آل عمران ۳:۱۷)

احادیث مبارکہ

☆ نبی اکرم ﷺ کا فرمان عالیشان ہے:

مَنْ اَكْثَرَ مِنَ الْاِسْتِغْفَارِ جَعَلَ اللّٰهُ لَهٗ مِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا، وَمِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَخْرَجًا، وَرَزَقَهٗ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ.

جو شخص کثرت سے استغفار کرے اللہ تعالیٰ اس کے ہر غم اور تنگی کو دور فرما دیتا ہے اور اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اس کا گمان بھی نہ ہو۔ (مسند الامام احمد ۲۴۸/۱، ابوداؤد ۱۵۱۸، ابن ماجہ ۳۸۱۹)

☆ سرکار دو عالم ﷺ سے روایت ہے: وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ تَعَالٰی وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ فِی الْيَوْمِ اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً.

بخدا میں یقیناً دن میں ستر بار سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے استغفار اور توبہ کرتا ہوں۔ (صحیح البخاری۔ فتح الباری باب استغفار النبی ﷺ ۶۳۰۷)

☆ ارشاد نبوی ﷺ ہے: اِنَّهٗ لَيُغَانُ عَلٰی قَلْبِیْ حَتّٰی اِنِّیْ لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ تَعَالٰی فِیْ كُلِّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ.

میرے دل پر کبھی (غلبہ انوار سے) ابر چھا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ میں اللہ تعالیٰ سے لازماً روزانہ ۱۰۰ بار استغفار کرتا ہوں۔ (مسلم، کتاب الذکر، باب استحباب الاستغفار ۴۱، ۲۷۰۲)

Marfat.com

فضائل صلوٰۃ و سلام

بحضور خیر الانام سیّدنا محمد ﷺ

☆ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ؕ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا.

بیشک اللہ تعالیٰ اور اسکے (سب) فرشتے نبی مکرم ﷺ پر درود شریف بھیجتے رہتے ہیں، اے ایمان والو! تم (بھی) ان پر درود شریف اور خوب سلام بھیجا کرو"۔ (الاحزاب ۳۳:۵۶)

☆ ارشاد مصطفیٰ ﷺ ہے: "اِنَّہٗ جَآءَنِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْہِ السَّلَامُ، فَقَالَ: اَمَا تَرْضٰی یَا مُحَمَّدُ اَنْ لَا یُصَلِّیَ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِکَ صَلَاۃً وَّاحِدَۃً اِلَّا صَلَّیْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا، وَلَا یُسَلِّمُ عَلَیْکَ اَحَدٌ مِنْ اُمَّتِکَ اِلَّا سَلَّمْتُ عَلَیْہِ عَشْرًا".

جبریل علیہ السلام میرے پاس آئے اور کہا یا محمد ﷺ کیا آپ اس پر راضی نہ ہونگے کہ آپ کا امتی آپ پر ایک مرتبہ درود شریف بھیجے اور میں اس پر دس مرتبہ اللہ کی رحمتیں بھیجوں۔ اور آپ پر ایک مرتبہ سلام پیش کرے اور میں اسے دس مرتبہ سلام پہنچاؤں۔

(النسائی، کتاب السھو، باب فضل التسلیم علی النبی ﷺ ۱۲۸۴۔ الدارمی، کتاب الرقاق، باب فضل الصلاۃ علی النبی ﷺ ۲۷۷۳)

☆ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَّتْ عَلَیْہِ الْمَلَائِکَۃُ مَاصَلّٰی عَلَیَّ فَلْیُقِلَّ عِنْدَ ذٰلِکَ اَوْ لِیُکْثِرْ.

Marfat.com

بندہ جب تک مجھ پر درود شریف پڑھتا رہتا ہے فرشتے اس پر رحمتیں نازل کرتے رہتے ہیں اب تمھاری مرضی ہے کہ تم مجھ پر درود شریف کم پڑھو یا زیادہ۔

☆ ارشادِ نبوی ﷺ ہے: بِحَسْبِ الْمُؤمِنِ مِنَ الْبُخْلِ اَنْ اُذْکَرَ عِنْدَہٗ فَلَا یُصَلِّیَ عَلَیَّ

کسی ایمان دار کے بخیل ہونے کے لیے یہ کافی ہے کہ اس کے پاس میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود شریف نہ بھیجے۔ (مسند الامام احمد ۱/۲۰۱، الترمذی کتاب الدعوات، باب قول النبی ﷺ،

"اَلْبَخِیْلُ الَّذِیْ مَنْ ذُکِرْتُ عِنْدَہٗ فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیَّ"

☆ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

اِنَّ فِی الْاَرْضِ مَلٰٓئِکَۃً سَیَّاحِیْنَ یُبَلِّغُوْنِیْ عَنْ اُمَّتِیَ السَّلَامَ

فرشتے زمین میں سیر کر رہے ہوتے ہیں اور میرے امتی کا سلام مجھے پہنچاتے ہیں۔ (النسائی، کتاب السھو، باب فضل التسلیم علی النبی ﷺ ۱۲۸۱۔ الدارمی، کتاب الرقاق، باب فضل الصلاۃ علی النبی ﷺ ۲۷۷۴)

☆ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَا مِنْ اَحَدٍ یُسَلِّمُ عَلَیَّ اِلَّا رَدَّ اللّٰہُ عَلٰی رُوْحِیْ وَمَعْنٰی رُوْحِیْ ھُنَا سُمْعِیْ حَتّٰی اَرُدَّ عَلَیْہِ السَّلَامَ.

جب کوئی شخص مجھے سلام کرتا ہے تو اس وقت اللہ کے حکم سے میری روح مجھ میں ہوتی ہے۔ اور اس (روح) کا معنی ہے کہ میں سنتا ہوں حتیٰ کہ اس کے سلام کا جواب بھی دیتا ہوں۔ (ابوداؤد، کتاب المناسک، باب زیارۃ القبور ۲۰۴۱)

Marfat.com

آداب ذکر

سلسلہ رفاعیہ کے بعض اکابرین و مشائخ کا معمول تھا کہ وہ ذکر کا آغاز کرتے ہوئے مندرجہ ذیل آیت کریمہ کی تلاوت کر کے محفل کے حسن کو دوبالا کرتے:

اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِكۡرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ. (الرعد ۱۳:۲۸ :ترجمہ صفحہ ۱۷ پر ملاحظہ فرمائیں)

اسی طرح درود پاک کی محفل کا آغاز کلام مجید کی مندرجہ ذیل آیت کریمہ کی تلاوت سے کیا جاتا: (الرعد ۱۳:۲۸)

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوۡنَ عَلَى النَّبِىِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا. (الاحزاب ۳۳:۵۶ ترجمہ صفحہ ۲۱)

ایسے ہی استغفار شریف کے ورد مبارک کو شروع کرنے سے پیشتر حسب معمول درج ذیل آیت کریمہ کی تلاوت کی جاتی:

وَلَوۡ اَنَّهُمۡ اِذۡ ظَّلَمُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ جَآءُوۡكَ فَاسۡتَغۡفَرُوا اللّٰهَ وَاسۡتَغۡفَرَ لَهُمُ الرَّسُوۡلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيۡمًا.

اور (اے حبیب!) اگر وہ لوگ، جب اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے، آپ کی خدمت میں حاضر ہو جاتے اور اللہ سے معافی مانگتے اور رسول اللہ ﷺ بھی ان کے لئے مغفرت طلب کرتے تو وہ (اس وسیلہ اور شفاعت کی بنا پر) ضرور اللہ کو توبہ قبول فرمانے والا نہایت مہربان پاتے۔ (النساء ۴:۶۴)

Marfat.com

حضرت سیدنا احمد کبیر الرفاعی الحسینی رضی اللہ عنہ

(512-578ھ)

بانئ سلسلہ عالیہ رفاعیہ

مختصر حالات

عالم ربانی، واقف اسرار یزدانی، سید العارفین، آفتاب شریعت وطریقت امام حقیقت ومعرفت حضرت ابو العباس محی الدین سید نا احمد کبیر الرفاعی الحسینی الشافعیؒ بلاشک وشبہ ان نفوس قدسیہ کے قافلہ کے سالار ہیں جو اللہ تعالیٰ کی معرفت وپہچان کی سعادت حاصل کر کے اپنے آپ کو ہمہ وقت مخلوق خدا کی خدمت کے لیے وقف کیے ہوتے ہیں، جو بھی خوش نصیب ان کی نگاہ دور بین اور صحبت صالح سے فیضیاب ہوتا ہے اس کا تعلق وہ اپنے خالق ومالک حقیقی کے ساتھ جوڑ دیتے ہیں۔ان کی مجلس میں بیٹھنے والا خوش بخت اللہ ﷻ کی بندگی ومحبت اور رسول اکرم ﷺ کی الفت واطاعت کی چاشنی سے لطف اندوز ہوتا رہتا ہے۔

اللہ رب العزت کے ان پاکباز بندوں کے فیضان نظر سے لاکھوں مردہ دلوں کو زندگی نصیب ہوتی ہے۔مالکِ کائنات کے یہی معدودے چند دیدہ ور بندے خلق خدا کو گمراہی کے گڑھوں سے نکال کر راہِ حق پر گامزن کرتے ہیں۔

ولادت باسعادت:

آپ رحمۃ اللہ علیہ ۱۵ رجب المرجب ۵۱۲ ھ کو عراق کے مشہور شہر واسط کے نواحی مقام حسن میں پیدا ہوئے۔واسط شہر کو حجاج بن یوسف ثقفی نے ۸۰ ھ میں آباد کیا تھا۔

Marfat.com

نام ونسب:

آپ کا اسم گرامی سیّد احمد کبیر، کنیت ابوالعباس اور محی الدین لقب تھا۔ آپ کے آباؤ اجداد میں ایک بزرگ کا نام رفاعہ تھا، جن کی وجہ سے آپ رفاعی کہلائے۔ نواسہ رسول ﷺ، سیّد الشہداء سیّدنا امام عالی مقام حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی اولاد میں سے ہونے کی وجہ سے نسباً حسینی کہلائے۔ اور مسائل فقہیہ میں آپ سیّدنا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے مقلد کی حیثیت سے شافعی کہلائے۔ آپ کا سلسلہ نسب ۱۸ واسطوں سے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ سے جا ملتا ہے۔ جو یوں بیان کیا گیا ہے:

حضرت سیّد احمد کبیر رفاعیؒ بن السیّد سلطان علی بن السیّد یحیٰ (نقیب بصرہ) بن السیّد ثابت بن السیّد الحازم علی ابو الفوارس بن السیّد احمد بن السیّد علی بن السیّد الحسن رفاعہ الہاشمی المکی اشبیلی بن السیّد مہدی بن السیّد حسین ابوالقاسم محمد بن السیّد حسن موسیٰ رئیس بغداد بن السیّد حسین رضی بن السیّد احمد اکبر بن السیّد موسیٰ ثانی (جن کو ابوسبحہ اور ابو یحیٰ بھی کہا جاتا ہے) بن السیّد ابراہیم مرتضی بن السیّد امام موسیٰ کاظم بن السیّد امام جعفر صادق بن السیّد امام محمد باقر بن السیّد امام زین العابدین علی اصغر بن السیّد امام حسین شہید کربلا بن السیّد امیر المؤمنین امام علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہما۔

بشارت قبل از ولادت منجانب نبی مکرم ﷺ:

حضرت سیدنا احمد کبیر رفاعی رضی اللہ عنہ کی ولادت سے چالیس دن قبل ہی حضور اکرم ﷺ نے آپ کے ماموں، ولی کامل حضرت شیخ منصور بطائحیؒ کو آپ کی

Marfat.com

پیدائش کی خوشخبری سناتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''اے منصور! چالیس دن کے بعد تیری بہن کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا، اس کا نام احمد رکھنا۔ وہ اولیائے کرام میں ایسا ہی سردار ہوگا جس طرح میں انبیاء علیہم السلام کا سردار ہوں اور جب وہ بڑا ہو جائے تو حصول علم کے لیے اسے شیخ علی واسطی کے پاس بھیج دینا اور اس کی تربیت سے غافل نہ ہونا۔''

اس بشارت کے مطابق آپ مقام حسن میں پیدا ہوئے وہیں اپنے والدین کے زیر سایہ رہے۔ جب آپ کی عمر سات سال تھی تو آپ کے شفیق والد محترم السید علیؒ نے بغداد شریف میں داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

ظاہری علوم:

والد محترم کے وصال کے بعد آپ کے آبائی شہر میں تعلیم و تربیت کا کوئی انتظام نہ تھا۔ اس لئے آپ کے ماموں حضرت شیخ منصور بطائحی رحمۃ اللہ علیہ نے آپکی والدہ رحمۃ اللہ علیہا سمیت آپکو اپنے پاس بلا لیا اور تاجدار کونین ﷺ کی ہدایت کے مطابق تعلیم و تربیت کی طرف بھرپور توجہ فرمائی۔

آپؒ نے حفظ قرآن کریم مقام حسن میں شیخ عبدالسمیع حربونی ؒ سے کیا، پھر آپؒ کے ماموں شیخ منصور بطائحیؒ نے سرکار مدینہ ﷺ کی ہدایت کے مطابق آپؒ کو شیخ ابوالفضل علی قاری واسطیؒ کی خدمت میں حصول علم کے لیے بھیج دیا۔ شیخ واسطیؒ نے آپؒ کی تعلیم و تربیت کی طرف خصوصی توجہ فرمائی۔ بیس سال کی عمر میں آپؒ نے تمام علوم عقلیہ و نقلیہ بشمول تفسیر، حدیث، فقہ، معانی، ادب، منطق، فلسفہ سمیت مروجہ علوم کی تکمیل فرمائی۔ حضرت شیخ علی واسطیؒ نے آپؒ کو حدیث

Marfat.com

شریف اور تکمیل علوم کی سند واجازت مرحمت فرمائی۔

تکمیل علوم باطنیہ:

حصول علوم دینیہ کے بعد آپؒ نے درس وتدریس کا سلسلہ شروع فرمایا اور ساتھ ہی اپنے ماموں شیخ منصور بطائحیؒ سے علوم باطنیہ کے سلوک واسباق شروع فرمائے۔اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بہت جلد آپؒ نے نادیدہ اسرار ورموز کے علوم میں بھی کمال حاصل کیا۔ظاہری وباطنی علوم کی تکمیل کے بعد آپؒ کی اعلیٰ صلاحیتوں کی شہرت سن کر مخلوق خدا حصول علم ومعرفت کے لیے آپؒ کی طرف متوجہ ہوئی اور وقت کے نامور علماء وفضلاء آپؒ کے درس میں شریک ہوکر فیضیاب ہونے لگے۔

شیخ منصور بطائحیؒ کا وصال ۵۴۰ھ میں خانقاہ ام عبیدہ میں ہوا۔وصال سے ایک سال پہلے شیخ بطائحیؒ نے حضرت سیدنا امام احمد کبیر رفاعیؒ کو خرقۂ خلافت و سجادگی سے نوازا۔اس وقت آپؒ کی عمر شریف ۲۸ سال تھی ۔ ماموں جان کے وصال کے بعد آپؒ کے علم ومعرفت اور زہد وتقوی کی شہرت اس قدر بڑھی کہ لوگ دور دراز سے حصول رشد وہدایت کے لئے آپؒ کی خدمت میں حاضری دیتے اور گوہرِ مراد سے اپنا دامن بھرتے۔

سیرت واخلاق:

آپؒ کے اخلاق وعادات میں حضور سید عالم ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی مکمل جھلک نظر آتی تھی۔عجز وانکساری اور تواضع آپؒ کی شخصیت میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔آپؒ فرمایا کرتے تھے"میں نے سلوک ومعرفت کے سب طریقوں میں

Marfat.com

تواضع وانکساری سے بہتر کوئی طریقہ نہ دیکھا۔ اس لئے میں نے اسے پسند کیا ہے۔'' آپؒ کی ساری زندگی رسول کریم ﷺ کی محبت، الفت اور آپ ﷺ کی سنت مطہرہ کی اتباع و پابندی میں گزری، اسی کی تلقین آپؒ اپنے فقراء، خدام و سالکین کو فرمایا کرتے تھے۔ خلاف شریعت کاموں سے نہ صرف نفرت و بیزاری کا اظہار فرماتے بلکہ ان کے خلاف علم جہاد بلند فرماتے تھے۔ لباس وطعام میں سادگی، دنیاوی تکلفات اور سامان تعیش سے پرہیز فرماتے۔ بیواؤں، یتیموں، مسکینوں اور عمر رسیدہ لوگوں کی خدمت آپؒ کا معمول تھا۔ مریضوں کی عیادت، علاج معالجہ اور ان کا خیال رکھنا، نیز سڑک پر اندھوں، کمزوروں کا انتظار کرنا اور ان کو منزل مقصود تک پہنچانا، مسجد میں خود جھاڑو دینا اور جانوروں کی دیکھ بھال آپؒ کی سیرت کے روشن پہلو ہیں۔

عمر شریف کے آخری حصہ میں آپؒ سے سلوک و معرفت حاصل کرنے والے عقیدت مند مریدوں کا کوئی شمار نہ تھا۔ شیخ ابن مہذب نے اپنی کتاب عجائب واسطہ میں لکھا ہے: ''آپؒ کے خلفاء کی تعداد اسی ہزار سے زیادہ تھی۔ عراق کا کوئی شہر ایسا نہ تھا جہاں آپؒ کے خلفاء موجود نہ ہوں''۔

سعادت دست بوسی حبیب مکرم ﷺ:

یہ حقیقت ہے کہ بارگاہ خداوندی سے جو مقام و مرتبہ آپؒ کو عطا کیا گیا وہ کسی دوسرے کو میسر نہ آیا۔ آپؒ سے بہت سی کرامات صادر ہوئیں، جن سے آپؒ کے علوم، مرتبہ اور قرب الٰہی کا پتہ چلتا ہے۔ ایک نہایت ہی اہم کرامت حضرت سیدنا رسول کریم ﷺ کے دست مبارک کو بوسہ دینے کا مشہور واقعہ ہے جو

Marfat.com

اس طرح منقول ہے:

حضرت سیدنا احمد کبیر رفاعی رضی اللہ عنہ ۵۵۵ھ میں جب زیارت بیت اللہ شریف کو گئے تو حضور سرور عالم ﷺ کے روضۂ اقدس کی زیارت کے لئے بھی حاضر ہوئے۔ گنبد خضراء کے قریب پہنچ کر آپ رضی اللہ عنہ نے باآواز بلند کہا ''السلام علیکم یا جدی'' تو فوراً روضۂ اطہر سے آواز آئی ''وعلیکم السلام یا ولدی'' اس مبارک ندا کو سن کر آپؒ پر وجد طاری ہو گیا۔ آپؒ کے علاوہ جتنے آدمی وہاں پر موجود تھے، سب نے اس مبارک آواز کو سنا۔ تھوڑی دیر بعد آپؒ نے بحالت گریہ یہ دو شعر پڑھے۔

فِیْ حَالَۃِ الْبُعْدِ رُوْحِیْ کُنْتُ اُرْسِلُھَا

جدائی اور دوری کی حالت میں، میں اپنی روح کو روضہ اطہر پر بھیجتا تھا

تُقَبِّلُ الْاَرْضَ عَنِّیْ وَھِیَ نَائِبَتِیْ

تاکہ وہ میری طرف سے آپ ﷺ کی آستانہ بوسی کا شرف حاصل کرلے

وَھٰذِہٖ دَوْلَۃُ الْاَشْبَاحِ قَدْ حَضَرَتْ

اب جب یہ دولت دیدار مجھے نصیب ہوئی

فَامْدُدْ یَمِیْنَکَ کَیْ تَحْظٰیْ بِھَا شَفَتِیْ

آپ (یا رسول اللہ ﷺ) اپنا دست مبارک جلوہ افروز فرمایئے تاکہ میں اسے بوسہ دے کر سعادت شرف وعزت حاصل کروں۔

اسی وقت روضۂ انور سے دست مبارک نمودار ہوا اور آپؒ نے اس کو بوسہ دیا۔ اس وقت روضۂ اقدس پر ۷۰ ہزار (مختلف روایات کے مطابق ۹۰ ہزار اور

Marfat.com

۵۰ ہزار) عاشقان مصطفیٰ کریم ﷺ موجود تھے، جنہوں نے اس واقعہ کو دیکھا اور حضور سید عالم ﷺ کے دست اقدس کی زیارت سے مشرف ہوئے۔اس وقت وہاں سرتاج اولیاء محبوب سبحانی، قطب ربانی، شہباز لامکانی میراں محی الدین حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ، شیخ عدی بن مسافر اموئیؒ اور شیخ عبد الرزاق حسینی واسطیؒ جیسے جلیل القدر اولیائے کرام بھی موجود تھے۔اس واقع کو کثرت سے علماء ومشائخ نے بیان فرمایا ہے۔

زہد وقناعت:

آپؒ کا زہد بے مثال تھا۔لوگ دور دراز سے آپؒ کی خدمت میں تحائف بھیجتے۔آپؒ نے کبھی کل کے لئے مال جمع نہ کیا۔بلکہ اس وقت تک چین سے نہ بیٹھتے جب تک آپؒ کے پاس آئے ہوئے تحائف حاجت مندوں، مسکینوں، ضعیفوں وغیرہ میں تقسیم نہ ہو جاتے۔ دنیاوی تکلفات اور سامان تعیش سے آپؒ کو حد درجہ نفرت تھی۔موسم گرما ہو یا سرما دو جوڑوں سے زیادہ آپؒ کے پاس کپڑے نہ ہوتے، آپؒ نے قناعت اور صبر وشکر کے دامن کو مضبوطی سے تھاما اور اپنی ساری پونجی حاجتمندوں کی خدمت میں لگادی۔ آخرت کی تیاری اس طرح فرمائی کہ دنیا کسی طور پر بھی آپؒ کو اپنی جانب متوجہ نہ کر سکی۔

وصال مبارک:

آپؒ کے وصال کا ظاہری سبب آپکے اپنے ہی چند اشعار کا سماع تھا، جنہیں شیخ عبد الغنی بن نقطہؒ سنا رہے تھے۔ان اشعار کو سن کر آپؒ پر وجد کی کیفیت طاری ہوگئی۔اشعار کے مضامین کا آپؒ پر اتنا گہرا اثر ہوا کہ طبیعت اچانک ناساز ہوگئی

Marfat.com

اور یوں یہ مرض آپ کا مرض الوصال ثابت ہوا۔ جمعرات کے دن ظہر کے وقت جمادی الاولی ۵۷۸ھ چھیاسٹھ (٦٦) سال اور چھ ماہ کی عمر میں شریعت وطریقت کا یہ آفتاب خانقاہ ام عبیدہ میں پردہ پوش ہوگیا۔ آپؒ کا آخری کلام ''اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ'' تھا۔

آپؒ کے وصال کی خبر فوراً ہی ہر طرف پھیل گئی۔ لوگوں کی کثیر جماعت آخری زیارت اور نماز جنازہ کے لئے پروانہ وار جمع ہوگئی۔ آپؒ کی نماز جنازہ میں تقریباً نو لاکھ کا مجمع تھا۔ اور نماز جنازہ کے بعد آپؒ کے جسد اطہر کو خانقاہ ام عبیدہ ہی میں سپردِ خاک کیا گیا۔ (ام عبیدہ بغداد سے چار سو کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ خلافت بنوامیہ کے دوران عراق کا دارالخلافہ تھا، اس شہر کو 'منطقہ الرفاعی' بھی کہا جاتا ہے)۔

تصانیف:

آپؒ کی متعدد تصانیف و تالیفات کا تذکرہ ملتا ہے جن میں سے چند ایک کے اردو تراجم بھی میسر ہیں مثلاً تفسیر سورۃ الفاتحہ، برھان المؤیّد (مترجم ظفر احمد عثمانی اور ڈاکٹر سدیدی)، حالۃ اھل الحقیقہ مع اللّٰہ (مترجم ظفر احمد عثمانی) اَلْحِکَمُ الرِّفاعیہ (مترجم ڈاکٹر قاری عطاء اللہ)۔ آپؒ کی سوانح حیات پر مؤلفات میں سے ''قَلَادَۃُ الْجَوَاھِر'' از السیّد ابن الہدیٰ الصیادی اور ''اَلْاِمَامُ الرِّفَاعِیُ طَرِیْقَتُهٗ وَ کَرَامَاتُهٗ'' از الشیخ السیّد یوسف السیّد ہاشم الرفاعی الحسینی قابل ذکر ہیں۔

Marfat.com

پیر طریقت فضیلۃ الشیخ
حضرت السیّد یوسف السیّد ہاشم الرفاعی الحسینی (دامت برکاتہ العالیہ)
سجادہ نشین سلسلہ عالیہ رفاعیہ
تعارف

عالم اسلام کے عظیم المرتبت، جلیل القدر، معروف سکالر، پیر طریقت، رہبر شریعت، حضرت صاحب الفضیلۃ والارشاد، العلامۃ الفہامہ، نابغۃ العصر، ابو یعقوب السیّد یوسف السیّد ہاشم الرفاعی الحسینی المعروف باباجی (دامت برکاتہ العالیہ) کی ولادت باسعادت ۱۳۵۱ھ مطابق ۱۹۳۲ء میں کویتی سادات رفاعیہ کے گھر میں ہوئی۔ نسبی اعتبار سے آپ خانوادۂ اہل بیت اطہار اور آل رسول ﷺ ہیں۔ اسی طرح طریقت و تصوف میں بھی اپنے جد امجد، بانی سلسلۂ عالیہ رفاعیہ، قطب الاقطاب، عالم ربانی، سید العارفین، فنافی اللہ والرسول حضرت السیّد احمد کبیر الرفاعی الحسینیؒ کے سجادہ نشین اور صاحب دعوت وارشاد ہیں۔ آپ حضور نبی اکرم ﷺ سے منقول مقاصد شرعیہ، تعلیمِ کتاب وحکمت اور تزکیۂ نفس کے علمبردار ہیں۔

فلاحی خدمات:

کویت، شام اور مصر کے جید علمائے کرام سے شرعی اور عصری علوم کی تکمیل کے بعد آپ نے ذکر وفکر اور خشیت الٰہی کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کو خدمتِ خلق اور ملتِ اسلامیہ کی فلاح و بہبود اور سر بلندی کے لیے وقف کیا ہوا ہے۔

آزادی کویت کے بعد ۱۹۶۳ء میں قائم کردہ ملک کی پہلی سیاسی جماعت کے سیکرٹری جنرل، بلدیہ کے سربراہ اور ۱۹۶۳ء تا ۱۹۷۴ء کویتی پارلیمنٹ کے رکن

Marfat.com

منتخب ہوئے۔

مملکت کویت کی مختلف وزارتوں بشمول مواصلات (ڈاک، بجلی، ٹیلیفون) داخلہ، کابینہ اور پارلیمانی امور کے قلمدان سنبھال کر اہم ذمہ داریوں سے عہدہ برا ہوئے۔ مختلف بین الاقوامی سربراہی کانفرنسوں میں کویت کے نمائندہ وزیر کی حیثیت سے شریک ہوئے۔

پارلیمنٹ کی رکنیت اور وزارت کے دوران آپ نے شراب پر پابندی اور تعلیمی اداروں میں مخلوط تعلیم کے خاتمہ کے قوانین منظور کروائے۔ سابق وزیر اعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو اور دیگر زعماء ممالک اسلامیہ کو بھی اسلامی اقدار کے فروغ کیلئے قیمتی مشورے دیتے رہے۔ آپ نہ صرف مسلمانوں کی دینی اور روحانی رہنمائی فرما رہے ہیں بلکہ مسلم قیادت کے سامنے حق گوئی کے ساتھ اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْف وَ نَھِی عَنِ الْمُنْکَرْ کے فرائض بھی سرانجام دے رہے ہیں۔

پاکستان میں شراب کی بندش، جمعۃ المبارک کی چھٹی اور چند برس بیشتر حکومت سعودیہ کی طرف سے رمضان شریف کے علاوہ بھی مسجد نبوی شریف کو دن رات کھولے رکھنے جیسے اہم فیصلوں میں بھی آپ کی مسلسل کاوشیں شامل رہیں۔

مکہ مکرمہ میں قائم شدہ مؤتمر عالم اسلامی کی پاکستان شاخ کی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن، نائب صدر اور مسلم اقلیتوں کی کمیٹی کے منتخب صدر رہے۔

قاہرہ کی مجلس اعلیٰ برائے امور اسلامیہ کے رکن ہیں، قاہرہ (مصر) اور لاہور (پاکستان) میں قائم بین الاقوامی تنظیم عالمی اتحاد برائے دعوت و تبلیغ کے صدر ہیں۔

ورلڈ اسلامک مشن (الدعوۃ الاسلامیۃ العالمیۃ) میں تمام عالم عرب کی نمائندگی کرتے ہوئے نائب صدارت کے عہدہ پر سرفراز ہیں۔

Marfat.com

قدیم وجدید، دینی و دنیاوی علوم کے عالمی تقاضوں کے پیش نظر ۱۹۷۳ء میں جامعۃ الازہر کی نہج پر معہد الایمان الشرعی کے نام سے کویت میں معیاری درس گاہ قائم کی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ ادارہ امت مسلمہ کو درپیش مسائل کا مقابلہ کرنے کے لیے نئی نسل کی پروقار تربیت کر رہا ہے۔

تقریباً نصف صدی سے آپ عالم اسلام اور بلادِ عرب کی مختلف بین الاقوامی تنظیمات کے رکن کے طور پر اتحاد ملتِ اسلامیہ کی ترجمانی کر رہے ہیں۔ اور اس کے ساتھ ساتھ اپنی دور رس سیاسی اور سفارتی بصیرت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملت اسلامیہ کی خدمت اور روحانی تربیت کا مشن جاری رکھے ہوئے ہیں۔

فضیلۃ الشیخ السید یوسف السید ہاشم الرفاعی نے نہ صرف اپنی زندگی کا بیشتر حصہ امت مسلمہ میں اتحاد کی کاوشوں میں وقف کر رکھا ہے بلکہ اپنے فقراء واحباب کو بھی یہی تلقین فرماتے ہیں کہ عالم اسلام کے اتحاد کو قائم و دائم رکھنے اور ملت اسلامیہ کو پارہ پارہ ہونے سے بچانے کے لیے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا جائے۔

بحیثیت مسند نشین سلسلہ عالیہ رفاعیہ اور عظیم مبلغ ومفکر عالم اسلام حضرت الشیخ السیّد یوسف الرفاعی اپنے اسلاف کی روحانی امانتوں کے امین ہیں۔ آپ نہ صرف شریعت وطریقت اور احیاء وتجدید دین میں مشعل راہ ہیں بلکہ بین الاقوامی امور میں بھی منفرد مقام رکھتے ہیں۔ خداوند کریم نے ذہانت وفراست، بصیرت ووجدان، اولوالعزمی وبلند حوصلگی، دور اندیشی اور وسعت نظری جیسی خداداد صلاحیتیں آپ کو ودیعت کی ہیں۔

باطنی حسن اور قلبی لطافت کے مبارک آثار کی آئینہ داری کے ساتھ ساتھ آپ کی ہمہ گیر شخصیت میں بیک وقت بے شمار ایسے اوصاف نظر آتے ہیں جو عام

Marfat.com

طور پر کسی ایک شخص کی زندگی میں شاذ و نادر ہی پائے جاتے ہوں۔ آپ صوفیانہ اطوار، عالمانہ وقار، قائدانہ کردار کے حامل، علماء کے قدردان، علم و فضل میں یکتا اور فکر و دانش میں بے مثال ہیں۔ آپ نہایت معاملہ فہم، خوش اخلاق، حلیم الطبع اور وجیہہ شخصیت کے مالک ہیں۔

آپ کا دل پوری امت مسلمہ کے ساتھ دھڑکتا ہے۔ عالم اسلام کے زوال پر آپ دل گرفتہ رہتے ہیں اور ملتِ اسلامیہ کی سربلندی جیسے مشکل مسائل کا حل تلاش کرنے کے لیے ہمیشہ تگ و دو میں رہتے ہیں۔

سلسلہ رفاعیہ میں آپ کے مریدین صرف کویت اور عالم عرب و اسلام میں ہی نہیں بلکہ دنیا کے کم و بیش تمام ممالک تک پھیلے ہوئے ہیں۔ کویت میں اپنے آستانے کے علاوہ مختلف ممالک کے تبلیغی دوروں کے دوران جذبۂ خدمت خلق کے تحت مستحق تعلیمی اداروں اور مساجد کی ہر ممکنہ معاونت کرتے ہیں۔

مؤسسة الرفاعيه الخيريه Rifai Charitable Foundation

